© rasailojaraid.com

لہٰذا ہر مسلمان کو تبلیغ کے رموز و آداب سے واقفیت حاصل کرنا چاہیئے۔ اس لحاظ سے یہ کتاب نہایت مفید اور وقیع ہے۔

افسوس کہ اتنی اہم کتاب کی کتابت اور طباعت پر خاطر خواہ توجہ نہیں دی گئی۔ کتابت کی بیشتر غلطیاں ہیں یہاں تک کہ مصنف کا نام بھی صحیح نہیں لکھا گیا۔

---

نام کتاب : میٹھے بول

مصنف : عابد نظامی

صفحات : ۸۰ ، قیمت ۲۵-۱ روپے

ناشر : مکتبہ تعمیر انسانیت موچی دروازہ - لاہور

ملنے کا پتہ : مکتبۂ نظامی، رضوی سٹریٹ فلیمنگ روڈ - لاہور

میٹھے بول بچوں کے لئے نظموں کی ایک خوبصورت کتاب ہے۔ بچوں کے لئے لکھنا عام طور پر مشکل قرار دیا گیا ہے اور یہ رائے تقریباً ان لوگوں کی ہے جو خود بچوں کے لئے نہیں لکھتے۔ اسلئے اس رائے کو تسلیم کر لینے میں کوئی حرج نہیں۔ لیکن اس کام کو دشوار خیال کر کے اس طرف توجہ نہ دینا ایک المیہ ہے۔ بڑوں کی تفریح کے لئے ادب تخلیق کرنا اور بچوں کی تربیت سے صرفِ نظر کرنا یا اس کی اہمیت کا اندازہ نہ کرنا نئی نسل کے ساتھ زیادتی ہے۔ اگر کچھ بڑے ادیب بچوں کے لئے کبھی کچھ لکھتے بھی ہیں تو اس میں مقصدیت اور تربیت سے زیادہ تفریح کا عنصر غالب ہوتا ہے۔

میٹھے بول عابد نظامی صاحب کی بچوں کے لئے نظموں کا مجموعہ ہے جو بارہ تیرہ سال قبل شائع ہوا۔ یہ بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ شاعر نے جو کچھ کہا ہے، بچوں کی ذہنی استعداد کے مطابق کہا ہے اور نہایت احسن طریق سے کہا ہے۔ اس مجموعہ میں دینی، اخلاقی اور قومی نظموں کے علاوہ دلچسپ اور بچوں کی ذہنی سوچ سے ہم آہنگ نظمیں بھی ہیں۔ انداز بیان سلیس اور رواں دواں ہے۔

---

ہفت روزہ "الاصلاح" - لاہور

© rasailojaraid.com